سوال

(72) سجدہ تلاوت کرتے وقت تکبیر پڑھنی چاہیے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سجدہ تلاوت کرتے وقت تکبیر پڑھنی چاہیے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

''نماز میں سجدہ کرتے اور اٹھتے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ یہ تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جھکتے وقت اور اوپر اٹھتے وقت اللہ اکبر کہتے تھے، جب سجدہ سے سر اٹھاتے تو بھی تکبیر کہتے تھے۔''1

بعض روایات میں سجدہ تلاوت کرتے وقت تکبیر کہنے کی بھی صراحت ہے، ابن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں قرآن سناتے۔ جب آپ آیت سجدہ کے پاس سے گزرتے تو اللہ اکبر کہتے، اور سجدے میں جاتے اور ہم بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سجدہ کرتے تھے۔ 2

---

(1)(ترمذي، الصلوة، ما جاء في التكبير عند الركوع ولسجود، ح:253)

(2)(ابوداوٗد، سجود القرآن، ح:1413)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ افکارِ اسلامی](#)

قرآن اور تفسیر القرآن، صفحہ:211